© rasailojaraid.com



ان میں سے ہر رسالہ دس روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر پوسٹ بکس ۲۵۰ جی پی او گوجرانوالہ کے پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## چند مفید رسائل

جامع مسجد درویشیہ، بلاک بی، سندھی مسلم ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی کے خطیب مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی کے چند مفید اور معلوماتی رسائل اس وقت ہمارے سامنے ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ کھانا پینا قرآن وسنت کی روشنی میں | صفحات ۶۸ |
| ۲۔ وظائف قرآنی مع چہل احادیث | صفحات ۱۳۲ |
| ۳۔ مسنون دعائیں | صفحات ۳۱۲ |

ان میں عام مسلمانوں کے لیے کھانے پینے کے آداب ومسائل اور روزمرہ کی مسنون دعائیں اور وظائف عمدہ ترتیب کے ساتھ پیش کیے گئے ہیں اور مصنف سے مندرجہ بالا پتہ سے طلب کیے جا سکتے ہیں۔

## حکیم الامت حضرت تھانویؒ کے مواعظ

جامعہ دار العلوم اسلامیہ ۲۹۱ کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے مہتمم حضرت مولانا مشرف علی تھانوی کی زیر ادارت ماہنامہ ''الامداد'' نے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ العزیز کے مواعظ کو سال کی ضروریات کے مطابق ترتیب وار پیش کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے جو عام مسلمانوں بلکہ اہل علم کے لیے بھی بہت زیادہ افادیت کا حامل ہے۔

''الامداد'' کا سالانہ زر خریداری ۱۰۰ روپے ہے اور مندرجہ بالا پتہ پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## قیام پاکستان اور مولانا ابوالکلام آزادؒ

صقارین میڈیا نیٹ ورک گوجرانوالہ کے جریدہ ''اذان'' نے اگست ۲۰۰۱ء کی اشاعت کو حضرت مولانا ابوالکلام آزادؒ کی حیات وخدمات کے تذکرہ اور خاص طور پر قیام پاکستان کے حوالے سے ان کے موقف کی وضاحت کے لیے مخصوص کیا ہے جو بعض اہم معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے۔

صفحات ۱۱۲ اور قیمت ۲۵ روپے ہے اور آزاد بک ہاؤس اردو بازار گوجرانوالہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔



© rasailojaraid.com